RAMPUR GOV^T GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

جلد ۷	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۱ جمادی الآخری ۱۳۱۳ ہجری مطابق ۹ دسمبر ۱۸۹۵ عیسوی	نمبر ۴۹

فہرست مضامین

نمبر صفحہ	نام مضمون	نمبر
	روبکارات صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر	
۱	تقرر جوالا پرشاد بسر رشتہ صفائی۔	[illegible]
۲ تا ۳	بابت دورہ حضور پر نور دام اقبالہم برہ خرام۔	[illegible]
	حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر	
۴	ضمانت ملزمان فوجداری مین بابت جائداد مکفولہ استغراق وکفالت سابق کی تحقیق ہوا کرے۔	[illegible]
ضمیمہ	نقشہ جات وہبات ونقشہ نرخنامہ اجناس۔	[illegible]

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
واقع ۲۱ نومبر ۱۸۹۵ء

دربارۂ تقرر جوالا پرشاد بسر رشتہ صفائی

جوالا پرشاد تین ماہ کے واسطے عطار اسد خان جمعدار کی جگہ امتحاناً مقرر کیا جاوے احکام ضابطہ جاری ہون تنخواہ دس روپیہ ماہوار دیجائیگی۔

روبکار اجلاس صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر
واقع ۵ دسمبر ۱۸۹۵ء

حضور پرنور دام اقبالہ بتقریب دورہ تاریخ ۱۰ دسمبر ۱۸۹۵ء کو یہاں سے سوار ہوں گے فہرست مقامات بقید تاریخ وغیرہ شامل روبکار ہذا ہے

(۱) حضور معلے جن مقامات پر کوٹھی ہیں وہاں کوٹھیوں میں اور دیگر مقامات پر خیمے میں قیام پذیر ہوں گے کیمپ نقشہ منسلکہ کی قطع پر قائم ہوگا

(۲) خیام کے نصب کرنے میں امور ذیل پر لحاظ ضروری ہے

(الف) جائے صاف بلند آبادی سے علیحدہ اور پرفضا منتخب کیجائے

(ب) جہانتک ممکن ہو اس غرض کیلیے باغ تجویز کیا جاوے ورنہ میدان کسی حالت میں مزروعہ کھیتوں میں جہاں فصل استادہ ہو لشکر نہ ٹھہرایا جاوے۔

(ج) پانی لشکر سے قریب ہونا چاہیے۔

(۳) کل لشکر کی تعداد تخمیناً پانچ سات سو آدمیوں کی ہوگی اور بہیل گاڑی تخمیناً سو اور پچاس شتر اور تخمیناً پچاس گھوڑے و پچیس ۲۵ ہاتھی ہوں گے۔

(۴) سامان رسد کافی جملہ قیامگاہ پر تحصیلدار صاحبان پیشتر سے جمع کرلیں اور لحاظ کرلیں کہ جملہ سامان ضروری ہر جگہ مہیا ہو اور قیمت بشرح بازار لشکر والوں سے مالکان کو دلائی جاوے۔

(۵) لشکر میں صفائی اور آراستگی بھی تحصیلدار صاحبان حسب ضرورت کرینگے۔

(۶) ہر تحصیل کا تحصیلدار اپنی اپنی تحصیل کے حدود کے اندر برابر ہمراہ لشکر ہوگا اور جہاں سے اونکے علاقہ کی حد شروع ہوتی ہے وہاں سے معہ قانونگوی پرگنہ و پٹواری دیہ ہمراہ ہوں گے۔

(۷) نگرانی کیمپ حفاظت ذمہ پولس ہے ایک انسپکٹر پولس انچارج کیمپ برابر ہمراہ لشکر رہے گا اور ہر تھانہ کا مہتمم اپنے تھانہ کے حدود میں واسطے سرانجام دہی خدمات بالا معہ کافی کانسٹبلان و چوکیداران حاضر رہے گا۔

(۸) ہر مہتمم اپنے علاقہ کی حد پر وردی میں حاضر ہوگا اور ہر تھانہ کا ملازم جس حال میں کہ تھانہ کی جگہہ لشکر مقیم ہو کار متعلقہ کے وقت وردی پہنے رہے گا۔ وردی پولس۔ مکان تھانہ۔ اور دفتر مالخانہ۔ حوالات۔ وغیرہ صاف و آراستہ ہونا چاہیے۔

(۹) ہر علاقہ کا ویکسینیٹر واسطے جانچ و ملاحظہ کرائی کام کے صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر کے پاس حاضر ہوگا۔

(۱۰) شفاخانہ انگریزی و یونانی بغرض ملاحظہ حضور معلے دام اقبالہ صاف اور مرتب رکھنا چاہیے۔

(۱۱) سڑکہای تحصیل و پل و گھاٹ جدہر سے لشکر گذریگا صاحب چیف انجینیر بہادر اول سے درست اور مرتب کرادینگے سب اوورسیر علاقہ اور افسر آبپاشی یعنی علاقہ دار جہاں نہر کے قریب لشکر گذرے حاضر لشکر ہوں۔

(۱۲) کوٹھیات شاہ آباد - بہرا - بی نظیر - و نیز دیگر ڈاک بنگلہ جات کی ضروری مرمت و صفائی صاحب چیف انجینیر بہادر پہلے سے کرادیں۔

(۱۳) سپرنٹنڈنٹ باغات جن مقامات پر کہ باغ سرکاری میں حاضر رہیں اور اول سے درستی و صفائی چمن وغیرہ مناسب طور پر کیجاوے

(۱۴) اگر جای قیام پر مدرسہ سرکاری ہو تو وہاں کا مدرس کیمپ میں صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر کے پاس حاضر ہوگا اور مدرسہ کی درستی بغرض ملاحظہ سرکار فیض آثار اول سے کافی طور پر کی جاوے۔

(۱۵) گرد آور حفظان صحت ہمراہ لشکر سرکار ابد قرار رہے گا اور مقامات صفائی وغیرہ ملاحظہ کراتے گا۔

(۱۶) ایام قیام حضور پرنور مین کسی ملازم تحصیل یا تھانہ خواہ پٹواری دیہہ کو اپنی جائے معینہ سے غیر حاضر نہونا چاہیے اور نہ بروقت دورہ ہونے کے رخصت دیجائی گی۔

(۱۷) خیام کیمپ سرکار کے دو حصہ ہون گے ایک حصہ جائے قیام پر قائم رہے گا اور دوسرا حصہ اگلے پڑاو پر پہونچکر نصب ہوگا اور ختم دورہ تک یہی سلسلہ قائم رہے گا۔

(۱۸) ڈاک بذریعہ تحصیلی معرفت شتر سواران کی زیر انتظام نفٹیننٹ صدر روزانہ آیا اور جایا کریگی تعین اوقات کا نفٹیننٹ صدر بدریافت پوسٹ ماسٹر صاحب کرلین گے

حکم ہوا کہ

بابت ایک نقل اس روبکار کی معہ نقل فہرست ونقشہ اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر وصاحب جوڈیشل ممبر بہادر وصاحب سکرٹری بہادر کونسل مین بغیراد مرسل ہو کہ اپنے اپنے ماتحتان سے احکام متعلق بنام ماتحتان اجرا فرمادین ایک ایک نقل معہ پروگرام ونقشہ تحصیلدار صاحبان ونصرم تحصیل ٹانڈہ کے پاس مرسل ہو نقل دفعہ ۷ و ۸ خدمت مین صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس اور تھانہ جات مین ونقل دفعہ ۹ و ۱۰ اسول سرجن صاحب بہادر کی خدمت مین ونقل دفعہ ۱۵ مہتمم شفاخانہ حیوانی کے پاس ونقل دفعہ ۱۱ و ۱۲ اجلاس صاحب چیف انجنیر بہادر مین ونقل دفعہ ۱۳ ماسٹر ٹیلیف صاحب بہادر کی خدمت مین ونقل دفعہ ۱۵ گرد آور حفظان صحت کے پاس اور دفعہ ۱۸ کی نفٹیننٹ صدر کے پاس برائے تعمیل راجرائی کارروائی مرسل ہوا اور درج گزٹ ہو۔

پروگرام دورہ حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

تاریخ	یوم	مقام	کیفیت
۱۰ ر دسمبر ۱۸۹۵ء	سہ شنبہ	شاہ آباد	حاضری مقام پر ہوائی ہوگی
۱۱ ر ایضاً	چہارشنبہ	قیام	
۱۲ ر ایضاً	پنجشنبہ	"	
۱۳ ر ایضاً	جمعہ	"	
۱۴ ر ایضاً	شنبہ	"	
۱۵ ر ایضاً	یکشنبہ	"	
۱۶ ر ایضاً	دوشنبہ	"	
۱۷ ر دسمبر ۱۸۹۵ء	سہ شنبہ	روانگی جانب ٹانڈہ	
۱۸ ر ایضاً	چہارشنبہ	قیام ملک	
۱۹ ر ایضاً	پنجشنبہ	"	
۲۰ ر ایضاً	جمعہ	"	
۲۱ ر ایضاً	شنبہ	"	
۲۲ ر ایضاً	یکشنبہ	روانگی جانب بلاسپور	
۲۳ ر ایضاً	دوشنبہ	قیام	
۲۴ ر ایضاً	سہ شنبہ	"	
۲۵ ر ایضاً	چہارشنبہ	"	
۲۶ ر ایضاً	پنجشنبہ	"	
۲۷ ر ایضاً	جمعہ	روانگی جانب دبدبہ	
۲۸ ر ایضاً	شنبہ	قیام	
۲۹ ر ایضاً	یکشنبہ	"	
۳۰ ر ایضاً	دوشنبہ	"	

تاریخ	یوم	مقام	کیفیت
۳۱ دسمبر سنہ ۱۸۹۵ء	سہ شنبہ	قیام	
یکم جنوری سنہ ۱۸۹۶ء	چہار شنبہ	روانگی جانب [illegible]	
۲ ایضاً	پنجشنبہ	قیام	
۳ ایضاً	جمعہ	″	
۴ ایضاً	شنبہ	″	
۵ ایضاً	یکشنبہ	″	
۶ ایضاً	دوشنبہ	″	
۷ ایضاً	سہ شنبہ	″	
۸ ایضاً	چہار شنبہ	روانگی جانب سوار	
۹ ایضاً	پنجشنبہ	قیام	
۱۰ ایضاً	جمعہ	″	
۱۱ ایضاً	شنبہ	″	
۱۲ ایضاً	یکشنبہ	″	
۱۳ ایضاً	دوشنبہ	روانگی جانب [illegible]	
۱۴ ایضاً	سہ شنبہ	قیام	
۱۵ ایضاً	چہار شنبہ	″	
۱۶ ایضاً	پنجشنبہ	روانگی جانب [illegible]	
۱۷ ایضاً	جمعہ	قیام	
۱۸ ایضاً	شنبہ	روانگی جانب [illegible]	
۱۹ ایضاً	یکشنبہ	قیام	
۲۰ ایضاً	دوشنبہ	″	
۲۱ ایضاً	سہ شنبہ	″	
۲۲ ایضاً	چہار شنبہ	″	
۲۳ ایضاً	پنجشنبہ	مراجعت جانب رامپور	

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر — ورقہ حکم ۳ دسمبر سنہ ۹۵ء

سرکلر ملاحظہ ہوکر حسب حکم ہوا کہ —

ایک نقل سرکلر کی مطبع کو بنا بر اندراج گزٹ بھیجی جاوے اور منیجر مطبع کو لکھا جاوے کہ دو سو قطعہ علیحدہ طبع کراکر بنابر تقسیم عدالتہاے فوجداری اجلاس مین بھیجدین —

[illegible]

سرکلر مجریہ جناب بہادر صاحب جوڈیشل ممبر بہادر بنام جملہ حکام عدالت ہای فوجداری

ریاست کی عدالتہاے فوجداری مین جو طرزیان سے ضمانت حاضری لیجاتی ہی اگر اوسمین استغراق جائداد غیر منقولہ کا ہوتا ہی تو صرف تصدیق ملکیت یا قیمت کرلیجاتی ہی جائداد مکفولہ کی استغراق و کفالت سابق کی نسبت کچھہ تحقیق نہین کیا جاتا جبتک جائداد مذکور کی نسبت پہلی مواخذہ ہونے نہونے کا حال متحقق نہو اوس وقت تک ضمانت معتمد نہین سمجھی جاسکتی لہذا ہدایت کی جاتی ہی کہ آئندہ جب کسی ملزم کی ضمانت حاضری باستغراق جائداد غیر منقولہ داخل ہو تو حاکم عدالت کو اوسکی تصدیق ملکیت اور قیمت کے ساتھہ سابق کے بار کفالت کا بھی تحقیق کرلینا ضرور ہی کہ پہلے سے تو جائداد مکفولہ کہین مستغرق نہین ہے اگر استغراق سابق ثابت نہو تو ضمانت مذکور کے اعتبار پر ملزم رہا کیا جاوے ورنہ دوسری ضمانت جسکی جائداد پر کسی قسم کا بار کفالت نہو مکفول کرانا چاہیے تعمیل اس امر کی تحقیق کی تحصیلدار صاحبان کی معرفت بخوبی ہوسکتی ہی کیونکہ صیغہ رجسٹری بھی اونکے متعلق ہے اور اس صیغہ سے کفالت وغیر کفالت کا حال بخوبی تحقیق ہونا ممکن ہے — ۲۹ نومبر سنہ ۱۸۹۵ء

[illegible]

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا۔

نقشہ حیات وممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲؍ لغایت ۸؍ دسمبر ۱۸۹۵ء

پرگنہ	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتے										تفصیل امراض					کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال سے ۶ سال تک		۶ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب							
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	میزان	
شہر رامپور	۱۵	۸	۱۵	۲	۴۰	۳۰	۱۰	۱۳	۴	۱	/	۱۲	۱۴	۳۶	۱۶	۲۹	۱۳	۰	۰	۱۱	۳۱	۴۲	۰
حوالی شہر	۲	۱	۵	۲	۱۰	۷	۳	۲	۱	۰	۰	۷	۹	۹	۶	۷	۹	۰	۰	۱۴	۲	۱۶	۰
عظیم نگر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۰	۱	۱	۳	۵	۱	۴	۶	۲	۰	۰	۲	۱	۸	۳	۳	۹	۰	۰	۱۱	۰	۱۱	۰
پٹوائی	۰	۱	۰	۱	۲	۰	۲	۱	۱	۰	۰	۲	۰	۳	۱	۲	۲	۰	۰	۱	۳	۴	۰
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	ایضاً
کیمری	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	″
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	″
ملک خانم	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۱	۱	۰	۰	۱	۰	۲	۱	۱	۲	۰	۰	۳	۰	۳	۰
ٹانڈہ	۷	۵	۳	۵	۲۰	۱۰	۱۰	۶	۲	۰	۰	۱۳	۹	۱۹	۱۱	۱۹	۱۱	۴	۰	۰	۲۶	۳۰	۰
میزان	۲۳	۱۶	۲۲	۱۳	۷۷	۴۸	۲۹	۲۹	۱۱	۱	۰	۳۸	۲۸	۶۴	۳۹	۶۱	۴۵	۴	۰	۴۰	۶۲	۱۰۶	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲؍ لغایت ۸؍ دسمبر ۱۸۹۵ء عیسوی

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۱ار	۰۱۰ار	۱۰ار	۰۱۰ار	۰۱۰ار	۱۱ار	
نخود ناصاف	۱۴ار	۱۲ار	۱۳ار	۱۴ار	۱۵ار	۱۴ار	
نخود کستہ آمیز	۱۶ار	۰	۰	۱۵ار	۱۸ار	۱۶ار	
[illegible]	۱۵ار	۰	۰	۱۶ار	۰	۰	
ماش	۰۱۲ار	۱۳ار	۱۲ار	۱۲ار	۱۱ار	۱۲ار	
مونگ	۱۳ار	۱۵ار	۰۱۳ار	۰	۱۲ار	۱۲ار	
مکا	۸ار	۰۱۷ار	۰۱۷ار	۱۷ار	۰۱۷ار	۸ار	
جنجی	۷ار	۰	۰	۰	۱۵ار	۱۴ار	
کوجنی	۱۵ار	۰	۰	۰	۱۵ار	۱۶ار	
عدس	۱۷ار	۰	۰	۰	۰۱۷ار	۱۴ار	
ارہر	۱۳ار	۰	۰	۲۰ار	۱۵ار	۰	
بیج	۰۱۰ار	۰۱۰ار	۰۱۲ار	۲۰ار	۱ار	۰	
روغن زرد	۱ار	۱ار	۱۱ار	۰۱۰ار	۱ار	۱ار	
روغن سیاہ	۰۶ار	۰۳ار	[illegible]	۱ار	۰۲ار	۰۲ار	
روغن کنجد	۰	۰۳ار	[illegible]	۰۶ار	۰	۰	
نمک سانبر	۰	۸ار	۰	۰	۰۸ار	۰۸ار	
نمک لاہوری	۰	۶ار	۵ار	۸ار	۰	۷ار	
قند سیاہ	۰۱۰۰ار	۱۰ار	۱۰ار	۸ار	۹ار	۹ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور